© rasailojaraid.com



حکومت کی مدت کے بیان کے ہے۔ اور دوسرے ضمیمہ میں چینی جمہوریت کے مختلف ادوار کا ایک نقشہ ہے۔ اس کے بعد کتاب کے مآخذ کی ایک فہرست ہے۔ کتاب عام معلومات کے اعتبار سے دلچسپ اور لائق مطالعہ ہے لیکن زبان بہت کچھ اصلاح طلب ہے۔

---


ندوۃ المصنفین کی مشہور کتاب

# مکمل لغات القرآن مع فہرست الفاظ

جلد دوم

جس کا مدت سے انتظار تھا شائع ہو گئی

اس عظیم الشان اور مفید ترین کتاب کی جلد اول طبع ہو کر اہلِ علم و اصحابِ ذوق کے پاس پہنچ چکی ہے لغتِ قرآن پر ایسی جامع اور مکمل کتاب ہماری زبان میں آج تک شائع نہیں ہوئی۔ الفاظِ قرآن کی مکمل تشریح، متعلقہ مباحث کی ضروری تفصیل کے ساتھ قصصِ قرآن اور اماکنِ قرآن یعنی قرآن مجید نے جن مقامات کا تذکرہ کیا ہے ان کا مفصل بیان بھی آپ کو اس کتاب میں ملے گا۔

ہندوستان کے مشہور و معروف اخبار "مدینہ" نے کتاب کی جلد اول پر مفصل تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا "جو لوگ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ کتاب بہت مفید ہے۔ اس میں کلامِ پاک کے تمام الفاظ و کلمات کے معنی نہایت شرح و بسط کے ساتھ عام فہم اردو میں درج کئے گئے ہیں گو اردو میں اس موضوع پر چند کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن زیرِ تبصرہ کتاب ہر لحاظ سے سب پر فوقیت رکھتی ہے۔ طباعت و کتابت ندوۃ المصنفین کی روایتی شان کے مطابق اس گرانی و گراں جانی کے زمانہ میں بھی حیرت ناک طور پر بہت عمدہ اور دیدہ زیب ہے۔" قیمت غیر مجلد ۸؍ مجلد للعہ

منیجر ندوۃ المصنفین دہلی قرول باغ


© rasailojaraid.com